**18/06/2025**

**07.4O PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائینز**

***........وزیر اعظم نریندر مودی کا دورہ کینیڈ ا مکمل// آج کروشیا کے دورے پرپہنچ گئے-Zagrab**

***........حال ہی میں اختتام پذیر وکست کرشی سنکلپ ابھیان سے ملک بھر میں 13کروڑ چالیس لاکھ کسان مستفید ۔**

***........یوگا کے بین الاقوامی دن میں دو دن باقی // تیاریاں اور سرگرمیاں اپنے عروج پر ۔**

**اور**

***........کئی کا بینی وزراءنے مختلف علاقوں میں محرم الحرام کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا لیا جائزہ۔**

**<u>PMدورہ</u>**

**وزیر اعظم نریندر مودی آج کروشیا کے دورے پر Zagrab پہنچ گئے۔کسی بھی بھارتی وزیر اعظم کا کروشیا کا یہ پہلا دورہ ہے اور باور کیا جا رہا ہے کہ اس دورے کی بدولت دو طرفہ رشتے معیار کی نئی بلندیوں تک پہنچ جائیں گے۔ دورے کے دوران وفد کی سطح کی بات چیت ہوگی اور کلیدی نوعیت کے متعدد سیکٹروں کوآگے بڑھانے سے متعلق مفاہمت ناموں پر بھی دستخط کئے جائیں گے۔**

**اس سے پہلے وزیر اعظم نے کینیڈا کا اپنا دورہ مکمل کیا ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کینیڈا کے عوام اور G7اجلاس کے کامیاب میزبانی کیلئے وہاں کے حکومت کی ستائش کی۔**

**مودی ٹرمپ**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو سختی سے کہا ہے کہ بھارت //پاکستان کے ساتھ معاملات کو حل کرنے// سمیت کسی معاملے میں کسی تیسرے فریق کی ثالثی کبھی قبول نہیں کرے گا ۔**

**نریندر مودی نے امریکی صدر کے ساتھ ٹیلیفون پرحالیہ آپریشن سندور کے تعلق سے بات چیت کی۔وزیر اعظم نے ٹرمپ پر واضح کر دیاکہ بھارت-امریکہ کے درمیان تجارتی سمجھوتے اور بھارت اور پاکستان کے درمیان حالیہ فوجی کارروائی کو ختم کرنے کیلئے امریکہ کی طرف سے ثالثی سے متعلق کسی بھی سطح پر کبھی کوئی بات چیت نہیںہوئی ۔**

**خارجہ سیکریٹری وکرم مسری نے جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ نریندر مودی اور امریکی صدر کے درمیان ہوئی 35منٹ کی بات چیت کے دوران نریندر مودی نے کہاکہ بھارت اب دہشت گردی کی سرگرمیوں کو در پردہ کارروائیاں نہیں بلکہ جنگ کی کارروائیاں تصور کرے گا۔**

**CMملاقات**

**گروپ آف کنسرڈ سٹیزنز کے ایک وفد نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی۔**

**وفد نے عوامی اہمیت کے کئی معاملات پر وزیر اعلیٰ سے گفت وشنید کی۔**

**سنکلپ ابھیان**

**زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ملک میں حال ہی میں چلائے گئے وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے دوران ایک لاکھ43ہزار دیہات میں 13کروڑ 40لاکھ کسانوں کو زرعی تحقیق اور کاشکاری کے جدید طور طریقوں سے روشناس کرایا گیا ۔نئی دلی میں آج میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ترقی یافتہ بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے کسانوں کو ترقی یافتہ بنانا لازمی ہے۔**

**انہوننے کہا کہ ابھیان کے تحت ملک بھر میں 60ہزار سے زائد بیداری پروگرام منعقد کئے گئے اور اس دوران قبائلی ضلعوں کی طرف خصوصی توجہ دی گئی۔**

**یوگا**

**یو گا کے بین الاقوامی دن میں اب صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں اور اس دن کی مناسبت سے تیاریاں اور سرگرمیاں زور و شور سے جاری ہیں۔یوگا انسان کی ذہنی و جسمانی نشو نماءکو فروغ دینے میں اہم رول ادا کرتا ہے۔**

**یوگا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لیونگ نامی ادارے کی ریجنل ڈائریکٹروندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

دریں اثناوندنا دفتری کے ساتھ یوگا سے متعلق ہمارے نیوز روم کا تیارہ کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے8بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہوگا۔

ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

**یوگا دلی**

آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت نے پوری دنیا میں یوگا کو انسانی صحت میں مثبت بدلاؤ لانے کے ایک اہم ذریعے کے طور پرفروغ دیا ہے۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بھارت نے2014میں الگ سے آیوش کی وزارت قائم کرکے یوگا کو ادارہ جاتی حیثیت دینے میں کلیدی رول ادا کیا ہے۔

**جتندر سنگھ**

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے پچھلے گیارہ برسوں کے دوران عملے ، عوامی شکایات اور پنشنز کی وزارت کی طرف سے کئے گئے اصلاحاتی اقدامات کو اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے حکمرانی کے عمل کو آسان بنانے ، شہریوں کو با اختیار بنانے اورانتظامیہ کو انسان دوست بنانے کیلئے کئی اقدامات شروع کئے ہیں۔

اس موقعے پر وزیر نے اعلان کیا کہ یونیفائیڈ پنشن اسکیم کے تحت آنے والے مرکزی سرکار کے ملازمین اب ریٹائرٹر منٹ اور Death گریچوٹی فوائد کے اہل ہوں گے۔

**سکینہ ایتو**

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو اور ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے آج امام باڑہ جڈی بل اور امام باڑہ حسن آباد کا دورہ کر کے وہاں محرم الحرام کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ ایام متبرکہ کے سلسلے میں عزا داروں کےلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔

دریں اثناءزراعت کے وزیر جا وید ڈار نے بھی آج پٹن کا دورہ کر کے وہاں محرم انتظامات کا جائزہ لیا۔

**جا وید ڈار**

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جا وید احمد ڈار نے آج ایک میٹنگ کے دوران رفیع آباد حلقے کے طبی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ انہوننے جی ایم سی بارہمولہ کے کام کے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی۔

## حج

حج2026کیلئے ممکنہ طور پر اگلے مہینے فارم جاری ہونے کی امید ہے۔

جموں کشمیر حج کمیٹی کی ایک نوٹیفکیشن میں کہا ہے کہحج 2026 کیلئے جو عازمین حج کمیٹی کے ذریعے سے درخواست دینے کے خواہشمند ہوں، ان کے پاس31دسمبر2026تک کا پاسپورٹ ہونا لازمی ہے۔

## بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران قبائلی علاقوں کی ترقی کو یقینی بنانے کی غرض سے عملائے جا رہے دھرتی آبا جن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان کا جائزہ لیا۔

انہوننے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ وہ تندہی اور لگن کے ساتھ کام کر کے اس سکیم کے فوائد تمام قبائلی علاقوں تک پہنچائیں۔

## ٹراول

وادی میں سیاحتی سرگرمیونکو دوبارہ بحال کرنے کیلئے سرکاری اور غیر سرکاری سطحوں پر کوششیں جاری ہیں اور رفتہ رفتہ سیاحتی سرگرمیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

ٹراول ایجنٹس فیڈریشن آف انڈیا کے قومی صدر اجے پرکاش نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کو قدرت نے بے پناہ خوبصورتی سے مالا مال کیا ہے اور اُن کا ادارہ سیاحتی سیکٹر کو دوبارہ پٹری پر لانے میں اپنا کلیدی رول ادا کرے گا۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا ۔

## شمولیت

ہیڈ کواٹر پرپارٹی کی صدر محبوبہ مفتی کی موجودگی میں گاندربل سے تعلق PDPسرینگرمیں میں شمولیت اختیار کی ۔PDP رکھنے والے کئی لیڈروں اور کارکنوں نے

ان میں کانگریس کے سابق ضلع صدر ساحل فاروق اور اپنی پارٹی کے ایک لیڈر قاضی مبشر بھی شامل ہیں۔

## قرہ

جمونو کشمیر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ کی صدارت میں آج مختلف ضلعوں سے تعلق رکھنے والے پارٹی صدور کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران پارٹی کی سرگرمیوں اور تنظیمی امور پر تفصیل تبادلہ خیال کیا گیا۔

## عالمی دن

آج دیرپا Gastronomy کا دن ہے .عرف عام میں مقامی کھان پان اور ایک مخصوص علاقے کے کھانا پکانے کے طریقے کو گیسٹرونامی کہا جاتا ہے۔

اس دن کی اہمیت کے بارے میں انسٹی چیوٹ آف ہوٹل منیجمنٹ سرینگر کے ایک لیکچر ار چیف شف یاسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## وقف عدالت

جمو ں وکشمیر ہائیکورٹ نے زیارت گاہوں کو By Usage وقف قرار دیتے ہوئے اپنے ایک فیصلے میں انتظامیہ کمیٹی درگاہ رائل تحصیل گنڈ گاندربل اور اس کمیٹی کے منیجر کی جانب سے علاقے کی چند ایک زیارت گاہوں کو اپنے زیر انتظام لئے جانے کے وقف بورڈ کے فیصلے کو چلینج کرنے کی درخواست کو رد کرتے ہوئے وقف بورڈ کے حق میں فیصلہ صادر کیا ہے۔

ان زیارت گاہوں میں زیارت سید جعفر ، زیارت سید رحمان اور زیارت سید الالحاجرہ شامل ہیں۔
باور کیاجاتا ہے کہ ہائیکورٹ کے اس اہم فیصلے سے جموں کشمیر میں سبھی زیارت گاہوں کو اپنے زیر انتظام لینے کی وقف بورڈ کی راہیں مزید ہموار ہوں گی۔

## داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمے نے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیورسٹی کیمپسزمیں چار سالہ انڈ ر گریجویٹ اور انٹیگریٹیڈ PG پروگراموں کیلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

خواہشمند طلباءداخلے کیلئے اپنی رجسٹریشن سات جولائی تک کراسکتے ہیں۔جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگرکو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔

## این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پلوامہ میں پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر کے عوام کا اعتماد اور بھروسہ بحال کرنے کیلئے بقول ان کے حقوق کی بحالی کا عمل شروع کیا جانا چاہئے .

انہوننے کہاکہ جموں کشمیر میں بھی خالی پڑی راجیہ سبھااور اسمبلی نشستوں کیلئے جلد از جلد انتخابات کئے جانے چاہیں۔

دریں اثنا وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کابینی وزیر جاوید احمد ڈار نے پارٹی ہیڈ کواٹر پر لوگوں کے مسائل سُنے۔

## نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینکشمیر یونیورسٹی میں اقبال انسٹی چیوٹ آف کلچر اینڈ فلاسفی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مشتاق احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## *منشیات فروش*

پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے اننت ناگ ضلع مینمنشیات کے ایکٹ کے تحت NDPS دھندے میں ملوث کئی افراد کی چالیس لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کر دیا ہے۔

دریں اثناءکپوارہ پولیس نے بھی ترہگام کپوارہ سے فیصل احمد پرے نامی ایک منشیات سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضے سے نشیلی اشیا کی کچھ مقدار بر آمد کرلی ہے۔ اُس کے خلاف متعلقہ دفعات کے تحت معاملہ درج کر لیا گیا ہے۔

## لداخ

لداخ یو ٹی میں سرحدی علاقوں کے سیاحتی منظر نامے کو فروغ دینے کیلئے بھارتی فوج نے ماؤنٹ شاہی کانگری اور ماؤنٹ سیلور پیک تک ایک ماؤنٹرنیگ ایکسپیڈشن کا انعقاد کیا، جس کا مقصد گلوان تنازعے میں اپنی جانونکا نذرانہ پیش کرنے والے فوجیوں کو خراج عقیدت ادا کرنا ہے۔

فائر اینڈ فیوری کور کے لیفٹنٹ جنرل ہیتیش بھلہ نے جھنڈی GOC ایکسپیڈشن کو 28مئی کو دکھاکر روانہ کیا تھا جو آج اختتام پذیر ہوا ۔

## فاسٹیگ

مرکزی حکومت شاہراؤں پرسفر کو آسان بنانے کیلئے اس سال 15اگست سے فاسٹیگ پر مبنی تین ہزار روپے والا ایک سالانہ پاس متعارف کرے گی۔یہ پاس ایک برس یا جاری ہونے سے کیلئے لاگو رہے گا۔Trips لیکر دو سو

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراؤں کے وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ یہ پاس صرف غیر کمرشل نجی گاڑیوں کیلئے وجود میں لایا گیا ہے۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران مو سم عام طور سے خشک رہنےکا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر20 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

……………………………………

………………………………

………….